2589 ـ قرآن مجید کا ترجمہ پڑھنے کا اجروثواب

سوال

سوال نمبر (2237) جس کا موضوع جمعہ کی رات اجتماعئ طور پر سورۃ یس کی تلاوت کرنا " کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ، اس حدیث کا اشارہ کیا گیا ہے جس میں یہ مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :
جس نے کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھا اسے ایک نیکی ملے گی اور نیکی دس کے برابر ہے میں یہ نہیں کہتا کہ الم حرف ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف اور میم ایک حرف اور لام ایک حرف ہے "
تو میں سوال یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ حدیث قرآن مجید کا ترجمہ پڑھنے والے پر بھی صادق آتی ہے یعنی انگلش وغیرہ میں تا کہ جو کچھ وہ پڑھ رہا ہے اسے سمجھ سکے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ کی اس حرص پر آپ کواجروثواب سے نوازے ، اور جوکچھ آپ نے پوچھاہے اس کے متعلق گزارش ہے کہ حدیث مذکورہ میں جو اجروثواب بیا ن کیاگیا ہے وہ تو صرف اسے ہی حاصل ہوگا جو قرآن مجید عربی میں ہی پڑھتا ہے ، کسی اورلغت میں ترجمہ یا معانی پڑھنے سے اس حدیث والا اجروثواب نہیں بلکہ جوبھی قرآن مجید کو سمجھنے اور غوروفکر اوران آیات پرتدبرکے لیے پڑھتا ہے تو اسے اس پر اجروثواب تو ضرور حاصل ہوگا اللہ تعالی اسے اجر ضرور دے گا ۔

اس لیے کہ مسلمان تفسیرقرآن اور ترجمہ پڑھنے پرعنداللہ ماجور ہے ، صرف اتنی بات ہے کہ اس بات کی کوئ دلیل نہیں کہ حدیث مذکورہ والا اجروثواب اسے حاصل ہوتا ہو ، اور اللہ تعالی کا فضل بڑا وسیع ہے ۔

واللہ تعالی اعلم .